مولانا محمد عبید اللہ عفیف

الاستفتاء

کیا فرماتے ہیں علماءِ دین مطلوبہ مسائل کے بارہ میں:

۱ - کیا شناختی کارڈ بنوانا (جس میں فوٹو ضروری ہے) جائز ہے؟

۲ - ایک شخص صرف کلمہ ہی پڑھتا ہے، شریعت کے دوسرے احکام سے روگردانی کرتا ہے، آیا ایسا شخص جنت میں چلا جائیگا یعنی اس کے دخولِ جنت کیلئے صرف کلمہ پڑھنا ہی کافی ہے خواہ دوسرے ارکانِ اربعہ پر عمل کرے یا نہ کرے؟

۳ - کیا موجودہ زمانہ کے اہلِ کتاب کی عورت کے ساتھ نکاح ہو جاتا ہے؟

۴ - اگر حائضہ عورت معلمہ ہو تو کیا بچیوں کو قرآن مجید کی چند آیات مثلاً کم از کم تین چار آیات تلاوت کرا سکتی ہے؟ ملخصًا ——— (ابوالعطاء عبدالرحمٰن حصاری چک نمبر ۴۷۹ ضلع لائل پور)

الجواب:

اقول و باللہ التوفیق:

۱ - تصویر اور فوٹو اتارنا، اترونا، ہاتھ سے تیار کرنا از روئے بیسیوں احادیثِ صحیحہ صریحہ بلا شبہ حرام اور گناہ کبیرہ ہے۔ اس پر سخت ترین عذاب کی وعید سنائی گئی ہے اور یہ کسی طرح بھی جائز نہیں ہے۔ میرے علم کی حد تک تصویر خواہ دستی ہو یا مشینی (کیمرہ وغیرہ) کے جواز میں قرآن و حدیث سے ادنیٰ گنجائش بھی نہیں نکلتی۔ شناختی کارڈ، یادداشت شخصیت پرستی، زینت ڈرائنگ رومز اور نمائش وغیرہ کے جواز کا کیا سوال ہے؟ صحیح بخاری میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ